بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

جزم کی ادائیگی کی پہچان

حرف کے اوپر، دال کی شکل کے مشابہ، مڑی ہوئی علامت ـْ کو جزم کہتے ہیں۔ جزم والا حرف اپنے سے پہلے حرف سے مل کر ایک آواز بن جاتا ہے۔ مثلاً: [اَتْ ـ اِتْ ـ اُتْ] ۔ اور اس کے پڑھنے کے چار طریقے ہیں:

1. ہلا کر پڑھنا مثلاً: (اَقْ اِقْ اُقْ)
2. تھوڑا سا کھینچ کر پڑھنا مثلاً: (بَا - بِیْ - بُوْ)
3. نرمی کے ساتھ بغیر کھینچے پڑھنا مثلاً: (بَیْ - بَوْ)
4. مضبوطی اور جماؤ سے بغیر جھٹکا دیے پڑھنا مثلاً: (اَثْ اِثْ اُثْ)

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

جزم کی ادائیگی کی پہچان

آیئے چاروں طریقوں کے پہچان کریں اور اس کے مطابق خوب مشق کریں

① ہلا کر پڑھنا

حروف قلقلہ کو ہلا کر پڑھیں اور وہ پانچ حروف ہیں: ق ط ب ج د ۔ جن کا مجموعہ: قُطُبُ جَدٍّ ہے۔ ان پانچ حروف کو ادا کرتے وقت، جب کہ یہ ساکن ہوں۔ تو جس جگہ سے حرف کی آواز آتی ہے، وہاں دو حصے آپس میں مل کر الگ ہو جاتے ہیں۔ (جس طرح گیند زمین پر لگنے کے بعد اچھلتی ہے)۔ جس کی وجہ سے آواز میں ایک جھٹکا سنائی دیتا ہے۔ مثلاً: حرف (ب) پر جزم آئے۔ تو دونوں ہونٹ آپس میں مل کر الگ ہو جاتے ہیں۔ اور قلقلہ ہوتا ہے۔ جیسے: (اَبْ اِبْ اُبْ) اگر ہونٹ آپس میں ملے ہی رہیں تو قلقلہ نہیں ہوگا۔ مثلاً یوں پڑھنا: (اَبْ اِبْ اُبْ) اور یہ صحیح نہیں ہے۔

بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

جزم کی ادائیگی کی پہچان

آیئے! مشق کیجئے اور ہر حرف کی ادائیگی کے وقت نقشہ پر توجہ مرکوز کیجئے

1 ہلا کر پڑھنا:	حروف قلقلہ	ق - ط - ب - ج - د		
				
اَقْ اِقْ اُقْ	اَطْ اِطْ اُطْ	اَبْ اِبْ اُبْ	اَجْ اِجْ اُجْ	اَدْ اِدْ اُدْ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

جزم کی ادائیگی کی پہچان

آیئے چاروں طریقوں کے پہچان کریں اور اس کے مطابق خوب مشق کریں

(2) تھوڑا سا کھینچ کر پڑھنا

حروف مدہ کو تھوڑا سا کھینچ کر پڑھیں: اور وہ تین حروف ہیں:

(1) (الف) خالی: جس سے پہلے حرف پر زبر ہو۔ اور اس کی ادائیگی کا طریقہ یہ ہے: کہ ہونٹوں کو اوپر کی طرف کھول کر تھوڑا سا کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔ جیسے: [بَا - تَا - ثَا]

(2) (یا) جزم والی: جس سے پہلے حرف پر زیر ہو۔ اور اس کی ادائیگی کا طریقہ یہ ہے: کہ ہونٹوں کو نیچے کی طرف کھول کر تھوڑا سا کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔ جیسے: [بِیْ - تِیْ - ثِیْ]

(3) (واؤ) جزم والی: جس سے پہلے حرف پر پیش ہو۔ اور اس کی ادائیگی کا طریقہ یہ ہے: کہ ہونٹوں کو گول ناتمام ملا کر تھوڑا سا کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔ جیسے: [بُوْ - تُوْ - ثُوْ]

* ''حروف مدہ'' میں حرکت والے حرف کو جزم والے حرف کے ساتھ فوراً نہیں ملایا جاتا۔ بلکہ حرکت والے حرف کی حرکت کو تھوڑا سا کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔ مثلاً: (بَا - بِیْ - بُوْ)

بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

جزم کی ادائیگی کی پہچان

آئیے! مشق کیجیے اور ہر حرف کی ادائیگی کے وقت نقشہ پر توجہ مرکوز کیجیے

2 تھوڑا سا کھینچ کر پڑھنا:	حروف مدہ	ـَا ـِی ـُو
بَا تَا ثَا	بِیْ تِیْ ثِیْ	بُوْ تُوْ ثُوْ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

جزم کی ادائیگی کی پہچان

آیئے چاروں طریقوں کے پہچان کریں اور اس کے مطابق خوب مشق کریں

③ نرمی کے ساتھ بغیر کھینچے پڑھنا

حروف لین کو نرمی کے ساتھ بغیر کھینچے پڑھیں: اور وہ دو حروف ہیں:

① (یا) جزم والی: جس سے پہلے حرف پر زبر ہو۔

اور اس کی ادائیگی کا طریقہ یہ ہے: کہ ہونٹوں کو اوپر کی طرف کھولنے کے فوراً بعد نیچے کی طرف جھکا کر (نرمی سے بغیر کھینچے) پڑھیں۔ جیسے: [بَیْ - تَیْ - ثَیْ]۔

② (واؤ) جزم والی: جس سے پہلے حرف پر زبر ہو۔

اور اس کی ادائیگی کا طریقہ یہ ہے: کہ ہونٹوں کو اوپر کی طرف کھولنے کے فوراً بعد گول کرتے ہوئے (نرمی سے بغیر کھینچے) پڑھیں۔ جیسے: [بَوْ - تَوْ - ثَوْ]۔

بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

جزم کی ادائیگی کی پہچان

آیئے! مشق کیجئے اور ہر حرف کی ادائیگی کے وقت نقشہ پر توجہ مرکوز کیجئے

3 نرمی کے ساتھ بغیر کھینچے پڑھنا:	حروف لین	ـَـیْ ـَـوْ

بَیْ تَیْ ثَیْ	بَوْ تَوْ ثَوْ

بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

جزم کی ادائیگی کی پہچان

مشق یائے مدہ و یائے لین بیک وقت

اور یاد رکھیں ! کہ (یائے مدہ) میں: ہونٹوں کو نیچے کی طرف کھول کر تھوڑا سا کھینچ کر پڑھیں۔ مثلاً (بِیْ - تِیْ - ثِیْ)

اور (یائے لین) میں: ہونٹوں کو اوپر کی طرف کھولنے کے فوراً بعد نیچے کی طرف جھکا کر (نرمی سے بغیر کھینچے) پڑھیں۔ مثلاً (بَیْ - تَیْ - ثَیْ)

آیئے ! مشق کیجئے اور ہر حرف کی ادائیگی کے وقت نقشہ پر توجہ مرکوز کیجئے !

یاءِ مدہ		یاءِ لین	
بِیْ بَیْ - تِیْ تَیْ	ثِیْ ثَیْ - جِیْ جَیْ	حِیْ حَیْ - خِیْ خَیْ	دِیْ دَیْ - ذِیْ ذَیْ

بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

جزم کی ادائیگی کی پہچان

مشق واو مدہ و واو لین بیک وقت

اور یاد رکھیں! کہ (واو مدہ) میں: ہونٹوں کو گول ناتمام ملا کر تھوڑا سا کھینچ کر پڑھیں۔ مثلاً (بُوْ - تُوْ - ثُوْ)

اور (واو لین) میں: ہونٹوں کو اوپر کی طرف کھولنے کے فوراً بعد گول کرتے ہوئے (نرمی سے بغیر کھینچے) پڑھیں۔ مثلاً (بَوْ - تَوْ - ثَوْ)

آیئے! مشق کیجئے اور ہر حرف کی ادائیگی کے وقت نقشہ پر توجہ مرکوز کیجئے!

واوِ مدہ

واوِ لین

بُوْ بَوْ - تُوْ تَوْ	ثُوْ ثَوْ - جُوْ جَوْ	حُوْ حَوْ - خُوْ خَوْ	دُوْ دَوْ - ذُوْ ذَوْ